SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر XXV مجریہ ۲۰۰۲
# SINDH ORDINANCE NO.XXV OF 2002
# سندھ بلدیاتی حکومت (پانچویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲
# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (FIFTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2002
## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس XXVII کی دفعہ ۱۵۸ کی ترمیم
Amendment of section 158 of Sindh Ordinance XXVII of 2001

## سندھ آرڈیننس نمبر XXV مجریہ ۲۰۰۲
## SINDH ORDINANCE NO.XXV OF 2002

# سندھ بلدیاتی حکومت (پانچویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (FIFTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۱۷ اگست ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت (پانچویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ آرڈیننس XXVII کی ۲۰۰۱ کے دفعہ ۱۵۸ کی ترمیم
Amendment of section 158 of Sindh Ordinance XXVII of 2001

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۵۸ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"۱۵۸۔ دوہری رکنیت وغیرہ رکھنے پر ناظمین پر پابندی: ایک ضلعہ ناظم، نائب ضلعہ ناظم، تلعقہ ناظم، نائب تعلقہ ناظم، ٹاؤن ناظم، یونین ناظم اور نائب

یونین ناظم، کسی دوسرے سیاسی عہدے کے لیئے پہلے سے موجود عہدے سے استعیفیٰ دینے کے بعد انتخابات میں حصہ لے سکیں گے، یا جیسے معاملہ ہو، نائب ناظم؛
بشرطیکہ ضلعہ کاؤنسل، تعلقہ کاؤنسل، ٹاؤن کاؤنسل یا یونین کاؤنسل کا میمبر دوسرے کسی سیاسی عہدے کے لیئے انتخابات میں ایسی کاؤنسل کی میمبرشپ سے استعیفیٰ کے بغیر حصہ لے سکتا ہے؛
بشرطیکہ مزید یہ کے ایسا میمبر ایک وقت پر ایک عہدے سے زائد عہدے نہیں رکھ سکے گا۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا**